وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ

# مسنون دعائیں

عربی مترجم

جن کا وِرد رکھنا دنیا و آخرت کی کامیابی کا اعلیٰ ترین نسخہ ہے

مع اضافاتِ جدیدہ و نظرِ ثانی از مؤلف

مولانا محمد عاشق الٰہی صاحب بلند شہری

ناشر

قدیمی کتب خانہ - آرام باغ - کراچی

# فہرست


| نمبرشمار | عنوان | صفحہ | نمبرشمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | مقدمہ از مؤلف | ۶ | ۱۶ | ابتداءِ وضو کی دُعاء | ۲۲ |
| ۲ | صبح کی دُعائیں | ۹ | ۱۷ | دورانِ وضو کی دُعاء | ۲۲ |
| ۳ | سُورج نکلنے کی دُعاء | ۱۰ | ۱۸ | وضو کر چکنے پر دُعائیں | ۲۳ |
| ۴ | شام کی دُعائیں | ۱۰ | ۱۹ | صبح کی نماز کو جاتے ہوئے دُعاء | ۲۴ |
| ۵ | مغرب کی اذان کی دُعاء | ۱۲ | ۲۰ | دخولِ مسجد کی دُعائیں | ۲۵ |
| ۶ | صبح و شام پڑھنے کی اور چیزیں | ۱۲ | ۲۱ | مسجد میں بیٹھے بیٹھے پڑھنے کی دُعاء | ۲۶ |
| ۷ | رات کو پڑھنے کی چیزیں | ۱۴ | | | |
| ۸ | سوتے وقت پڑھنے کی چیزیں | ۱۵ | ۲۲ | مسجد سے باہر آنے کی دُعاء | ۲۶ |
| ۹ | نیند اُچاٹ ہونے پر پڑھنے کی دُعاء | ۱۷ | ۲۳ | اذان کی آواز سُننے پر دُعاء | ۲۷ |
| | | | ۲۴ | اذان کے ختم ہونے پر دُعاء | ۲۸ |
| ۱۰ | سوتے میں ڈر یا گھبراہٹ یا بیخوابی ہونے پر پڑھنے کی دُعاء | ۱۷ | ۲۵ | فرض نماز کے بعد کی دُعائیں | ۲۹ |
| | | | ۲۶ | وتروں کے بعد کی دُعاء | ۳۱ |
| ۱۱ | خواب کے بارے میں ہدایت | ۱۸ | ۲۷ | چاشت کی نماز کے بعد کی دُعاء | ۳۱ |
| ۱۲ | بیدار ہونے کے بعد کی دُعاء | ۱۸ | ۲۸ | نمازِ فجر اور مغرب کے بعد پڑھنے کی دو چیزیں | ۳۲ |
| ۱۳ | تہجد کی دُعاء | ۱۹ | | | |
| ۱۴ | بیت الخلاء کی دُعاء | ۲۱ | ۲۹ | گھر سے نکلتے ہوئے پڑھنے کی دُعائیں | ۳۴ |
| ۱۵ | بیت الخلاء سے نکلنے کی دُعاء | ۲۲ | | | |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۰ | گھر میں داخل ہونے کی دُعا | ۳۵ |
| ۳۱ | بازار میں داخل ہونے کی دُعا | ۳۵ |
| ۳۲ | بازار میں خرید و فروخت کی دُعا | ۳۶ |
| ۳۳ | کھانا شروع کرنے کی دُعا | ۳۷ |
| ۳۴ | کھانے کی دُعا بھول جائے تو یاد آنے پر پڑھنے کی دُعا | ۳۷ |
| ۳۵ | کھانا کھا کر پڑھنے کی دُعائیں | ۳۷ |
| ۳۶ | دسترخوان سے اٹھتے وقت پڑھنے کی دُعا | ۳۹ |
| ۳۷ | کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے ہوئے پڑھنے کی دُعا | ۳۹ |
| ۳۸ | دُودھ پی کر پڑھنے کی دُعا | ۴۰ |
| ۳۹ | کسی کے ہاں دعوت کھانے پر پڑھنے کی دُعائیں | ۴۰ |
| ۴۰ | میزبان کے گھر سے چلتے وقت کی دُعا | ۴۱ |
| ۴۱ | پینے کا مسنون طریقہ | ۴۱ |
| ۴۲ | افطار کے وقت کی دُعائیں | ۴۱ |
| ۴۳ | افطار کے بعد کی دُعا | ۴۲ |
| ۴۴ | دوسرے کے ہاں افطار کی دُعا | ۴۲ |
| ۴۵ | کپڑا پہننے کی دُعا | ۴۳ |
| ۴۶ | نیا کپڑا پہننے کی دُعائیں | ۴۴ |
| ۴۷ | آئینہ دیکھنے کی دُعا | ۴۵ |
| ۴۸ | دُلہن لائے یا کوئی جانور خرید لائے تو اس کی دُعا | ۴۵ |
| ۴۹ | دُولہا کو مبارک بادی کی دُعا | ۴۶ |
| ۵۰ | بیوی سے ہمبستری کی دُعا | ۴۶ |
| ۵۱ | انزال کے وقت قلبی دُعا | ۴۷ |
| ۵۲ | نیا چاند دیکھ کر پڑھنے کی دُعا | ۴۸ |
| ۵۳ | پُورا چاند نظر پڑے تو اس کی دُعا | ۴۹ |
| ۵۴ | غصّہ آوے یا گدھے اور کتے کی آواز سُنے تو اس کی دُعا | ۴۹ |
| ۵۵ | کسی کو رُخصت کرتے وقت کی دُعا | ۵۰ |
| ۵۶ | مسافر کے لیے دُعا | ۵۰ |
| ۵۷ | مسافر چلا جائے تو اس کے لیے دُعا | ۵۱ |
| ۵۸ | سفر کا ارادہ کرتے وقت کی دُعا | ۵۱ |
| ۵۹ | روانگی سفر کے وقت کی دُعا | ۵۳ |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۰ | بحری جہاز یا کشتی پر سواری کی دُعاء | ۵۴ | ۷۵ | مُصیبت آنے پر دُعاء | ۶۵ |
| ۶۱ | منزل پر اُترنے کی دُعاء | ۵۵ | ۷۶ | عیادت کرتے وقت کی دُعاء | ۶۵ |
| ۶۲ | جس بستی یا شہر میں جانا ہو جب وہ نظر پڑے تو اس کی دُعاء | ۵۶ | ۷۷ | بارش کے لیے دُعاء | ۶۶ |
| | | | ۷۸ | بادل آتا دیکھ کر دُعاء | ۶۷ |
| ۶۳ | شہر یا بستی میں داخلہ کی دُعاء | ۵۷ | ۷۹ | بارش ہونے لگے تو اس کی دُعاء | ۶۷ |
| ۶۴ | سفر میں رات کی دُعاء | ۵۸ | ۸۰ | بارش زیادہ ہو تو اس کی دُعاء | ۶۸ |
| ۶۵ | سفر میں سحر کے وقت کی دُعاء | ۵۸ | ۸۱ | گرج اور کڑک سُن کر دُعاء | ۶۸ |
| ۶۶ | سفر سے واپسی پر دُعاء | ۶۰ | ۸۲ | آندھی آئے تو اس کی دُعاء | ۶۹ |
| ۶۷ | سفر سے واپس ہو کر گھر میں داخل ہوتے وقت کی دُعاء | ۶۱ | ۸۳ | حج کا تلبیہ | ۶۹ |
| | | | ۸۴ | شبِ قدر کی دُعاء | ۷۰ |
| ۶۸ | کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر پڑھنے کی دُعاء | ۶۱ | ۸۵ | کسی کا سلام آئے تو جواب کا طریقہ | ۷۰ |
| | | | ۸۶ | مُحسن کے لیے دُعاء | ۷۱ |
| ۶۹ | کسی کو ہنستا دیکھنے پر دُعاء | ۶۲ | ۸۷ | قرض ادا کرنے والے کو دُعاء | ۷۱ |
| ۷۰ | قبرستان میں جانے کی دُعاء | ۶۲ | ۸۸ | پسندیدہ چیز دیکھے تو اس کی دُعاء | ۷۱ |
| ۷۱ | مجلس سے اُٹھنے کے ارادہ پر دُعاء | ۶۳ | ۸۹ | ناگوار چیز پیش آئے تو اس کی دُعاء | ۷۲ |
| ۷۲ | پریشانی کو دُور کرنے کے لیے دُعاء | ۶۳ | ۹۰ | کوئی چیز گم ہونے پر دُعاء | ۷۲ |
| ۷۳ | دشمنوں کا خوف ہو تو دُعاء | ۶۴ | ۹۱ | جس کی زبان زیادہ چلے اس کے لئے دُعاء | ۷۳ |
| ۷۴ | ادائے قرض کی دُعاء | ۶۴ | | | |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۲ | نیا پھل آنے پر دُعاء | ۷۳ | ۱۰۳ | بیماری وغیرہ سے بچے کو بچانے کی دُعاء | ۷۹ |
| ۹۳ | آگ لگتی دیکھ کر پڑھنے کی دُعاء | ۷۴ | ۱۰۴ | تعزیت کا طریقہ | ۸۰ |
| ۹۴ | جلے ہوئے پر پڑھنے کی دُعاء | ۷۴ | ۱۰۵ | نماز حاجت کا طریقہ | ۸۰ |
| ۹۵ | دشمنوں میں گھر جانے پر دُعاء | ۷۵ | ۱۰۶ | دُعائے استخارہ | ۸۲ |
| ۹۶ | آبِ زمزم پینے کی دُعاء | ۷۵ | ۱۰۷ | قرآنی دُعائیں | ۸۴ |
| ۹۷ | آنکھ دُکھنے آجائے تو اس کی دُعاء | ۷۵ | ۱۰۸ | دُنیا و آخرت کی بھلائی کی دُعاء | ۸۴ |
| ۹۸ | بدن میں کسی جگہ درد ہو تو اس کی دُعاء | ۷۶ | ۱۰۹ | مغفرت، آسانی، کامیابی، فتح کی دُعاء | ۸۵ |
| ۹۹ | پیشاب رُک جانے یا پتھری پیدا ہوجانے پر دُعاء | ۷۶ | ۱۱۰ | استقامت اور رحمت کی دُعاء | ۸۶ |
| | | | ۱۱۱ | جنتیوں کی دُعاء | ۸۷ |
| ۱۰۰ | نظر لگ جانے پر دُعاء | ۷۷ | ۱۱۲ | نیک بندوں کی دُعائیں | ۸۸ |
| ۱۰۱ | بخار ہو یا کوئی اور تکلیف ہو تو اس کے لیے دُعاء | ۷۸ | ۱۱۳ | رحم و مغفرت کی دُعاء | ۸۹ |
| | | | ۱۱۴ | صبر اور انجام بخیر ہونے کی دُعاء | ۹۰ |
| ۱۰۲ | جب بدن میں کہیں تکلیف ہو تو اس کی دُعاء | ۷۹ | ۱۱۵ | ظالموں سے نجات پانے کی دُعاء | ۹۰ |
| | | | ۱۱۶ | خاتمہ بالخیر ہونے کی دُعاء | ۹۱ |
| | | | ۱۱۷ | والدین اور مسلمانوں کے لیے دُعاء | ۹۱ |

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

بعض احباب کی تحریک پر اس مجموعہ میں احقر نے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ دُعائیں مع ترجمہ جمع کی ہیں، جو وقتاً فوقتاً موقع اور مقام کی مناسبت سے آپ بارگاہِ خداوندی میں پیش کیا کرتے تھے۔ ان دُعاؤں کے معانی میں غور و خوض کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں اسلام کی بڑی اہم تعلیمات ہیں اور ان کو پڑھ کر اور اُن کے معانی میں غور کر کے توحید کے بلند مقامات پر رسائی ہو سکتی ہے۔

چونکہ ہر انسان خدا ہی کا بندہ ہے اور جن اسباب سے بندے راحت و آرام پاتے ہیں وہ بھی خدا ہی کی مخلوق ہیں۔ اس لیے انسان کا فریضہ ہے کہ وہ ہر راحت و سکون کو اللہ ہی کی طرف سے سمجھے اور ان کے ملنے پر اللہ ہی کا شکر ادا کرے اور ہر وقت اور ہر موقع پر اللہ ہی کو یاد کرے، اور بار بار اپنی غلامی اور خدا کے معبود ہونے کا اقرار کرے، ان دُعاؤں میں آپ کو جگہ جگہ اللہ کی وحدانیت او

مالکیت کا اقرار اور بندوں کی عاجزی کا اظہار ملے گا، اور آپ یقین کریں گے کہ ہادئ عالم صلی اللہ علیہ وسلّم نے دُنیا و آخرت کی کوئی بھلائی ایسی نہیں چھوڑی جو اللہ سے مانگ نہ لی ہو۔

مسلمانوں کو چاہیئے کہ ان دُعاؤں کو یاد کر کے حسب موقع اور مقام پڑھا کریں۔ کیونکہ ان کے پڑھنے میں اوّل تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا اتباع ہے جو خدا تک پہنچنے کا بہتر سے بہتر ذریعہ ہے۔ دوسرے چونکہ ان کے الفاظ خود اللہ جل شانہٗ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو الہام فرمائے ہیں۔ اس لیے یقینی طور پر مقبول اور مستجاب ہیں۔ بعض اہل اللہ کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ وہ مسنون دُعاؤں کا ہی ورد رکھ کر واصل بخدا ہو گئے، اور ان کو ریاضت و مجاہدہ میں جان نہ کھپانی پڑی۔

ان دعاؤں کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اور دُعائیں بھی کُتبِ حدیث میں وارد ہوئی ہیں جو تمام دنیا و آخرت کی کامیابیوں کو شامل ہیں اور کسی موقع یا مقام سے متعلق نہیں ہیں، جن کو ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے "الحزب الاعظم" اور حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قُدّس سرّہٗ نے "مُناجات مقبول" میں جمع فرما کر ہفتہ بھر کی سات منزلوں پر تقسیم کر دیا ہے۔

ناظرین کو چاہیے کہ "الحزب الاعظم" یا "مُناجات مقبول" کا

بھی وِرد رکھیں، اور اس کتاب میں درج شدہ دعاؤں کے پڑھنے کی بھی پابندی کریں۔

اس مجموعہ میں درج شدہ ہر دُعا احقر نے خود کتب حدیث میں سے دیکھ کر نقل کی ہے۔ محض سُننے یا اپنی یاد یا کسی کتاب سے نقل پر اعتماد نہیں کیا۔ اسی وجہ سے ہر دُعا کا حوالہ بھی لکھ دیا ہے، اور دُعاؤں میں وہ الفاظ نہیں لکھے جو زبانوں پر مشہور ہیں مگر حدیث میں نہیں ہیں۔

نیز ایسی دُعائیں بھی لکھ دی ہیں جو دُعاؤں کی عام کتابوں میں نہیں ہیں مگر کُتبِ حدیث میں موجود ہیں۔

ایک خصوصیت اس مجموعہ کی یہ بھی ہے کہ دُعاؤں کی فضیلت اور ثواب اور دُعاؤں کے ساتھ موقع اور مقام کے آداب بھی درج کردیئے ہیں۔

نوٹ: کتاب سامنے ہونے کے باوجود بھی اگر کسی عالم سے پڑھوا کر یاد کرو تو بہت زیادہ بہتر ہے۔ مؤلف

مُحتاجِ دُعا

محمّد عاشق الٰہی عفا اللہ عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# جب صبح ہو تو پڑھے

اَصۡبَحۡنَا وَاَصۡبَحَ الۡمُلۡكُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ. اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ خَیۡرَ ھٰذَا الۡیَوۡمِ فَتۡحَهٗ وَنَصۡرَهٗ وَنُوۡرَهٗ وَبَرَکَتَهٗ وَھُدَاهُ وَاَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شَرِّ مَا فِیۡهِ وَشَرِّ مَا بَعۡدَهٗ۔

(حِصۡنِ حَصِیۡن)

ہم اور سارا ملک اللہ ہی کے لیے ہے جو رَبُّ العٰلمین ہے صبح کے وقت میں داخل ہوئے۔ اے اللہ میں تجھ سے اس روز کی بہتری یعنی اس روز کی فتح اور مدد اور اس روز کے نور و برکت اور ہدایت کا سوال کرتا ہوں۔ اور ان چیزوں کے شر سے جو اس دن میں ہیں اور جو اس کے بعد ہوں گی۔ تیری پناہ چاہتا ہوں۔

## یا یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ۔ (ابن حبان)

اے اللہ تیری قدرت سے ہم صبح کے وقت میں داخل ہوئے، اور تیری قدرت سے ہم شام کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری قدرت سے ہم جیتے اور مرتے ہیں اور تیری طرف مرے پیچھے جی اُٹھ کر جانا ہے۔

## جب سورج نکلے تو یہ پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَقَالَنَا یَوْمَنَا ھٰذَا وَلَمْ یُھْلِکْنَا بِذُنُوْبِنَا۔ (حصن حصین)

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، جس نے آج ہمیں معاف رکھا، اور گناہوں کے سبب ہمیں ہلاک نہ فرمایا۔

## جب شام ہو تو یہ پڑھے

اَمْسَیْنَا وَاَمْسَی الْمُلْکُ

ہم اور سارا ملک اللہ ہی کے لیے ہے،

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

| | |
|---|---|
| لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ | جو رب العالمین ہے، شام کے وقت میں داخل |
| اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ | ہوئے، اے اللہ میں تجھ سے اس رات کی |
| اللَّیْلَةِ فَتْحَھَا وَنَصْرَھَا | بہتری یعنی اس رات کی فتح اور مدد اور اس |
| وَنُوْرَھَا وَبَرَکَتَھَا وَ | رات کے نور اور برکت اور ہدایت کا سوال |
| ھُدٰھَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ | کرتا ہوں اور تجھ سے پناہ چاہتا ہوں ان |
| شَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا | چیزوں کے شر سے جو اس رات میں ہیں |
| بَعْدَھَا۔ (ابوداؤد) | اور جو اس کے بعد ہوں گی۔ |

یا یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَ | اے اللہ ہم تیری قدرت سے شام کے وقت |
| بِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ | میں داخل ہوئے اور تیری قدرت سے |
| نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَ | صبح کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری |
| اِلَیْکَ النُّشُوْرُ۔ | قدرت سے جیتے اور مرتے ہیں، اور |
| (ابن حبان) | مرنے کے پیچھے جی اٹھ کر تیری طرف جانا |
| | ہے۔ |

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

# جب مغرب کی اذان ہو تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا اِقْبَالُ | اے اللہ یہ تیری رات کے آنے اور تیرے |
| لَیْلِكَ وَاِدْبَارُ نَھَارِكَ | دن کے جانے کا وقت ہے اور |
| وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ | تیرے پکارنے والوں کی آوازیں ہیں |
| فَاغْفِرْلِیْ۔ (مشکوٰۃ شریف) | سو تو مجھے بخش دے۔ |

# صبح وشام کے پڑھنے کی چند اور چیزیں

(۱) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کہ جو بندہ ہر صبح اور شام کو تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیا کرے تو اسے کوئی چیز ضرر نہ پہنچائے گی۔ دوسری روایت میں ہے کہ اسے کوئی ناگہانی بلا نہ پہنچے گی۔ (مشکوٰۃ شریف)

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ | اللہ کے نام سے ہم نے صبح کی (یا شام کی) |
| مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی | جس کے نام کے ساتھ آسمان یا زمین میں |
| الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ | کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی، |

http://mujahid.xtgem.com

وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ۔ اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

(۲) حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، کہ جو مسلمان بندہ صبح وشام تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیا کرے تو خدا کے ذمہ ہے کہ قیامت کے دن اسے راضی کرے۔ (ترمذی)

رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا۔ میں اللہ کو رب ماننے پر اور اسلام کو دین ماننے پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو نبی ماننے پر راضی ہوں۔

(۳) حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح کو تین مرتبہ أَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ پڑھ کر سورۂ حشر کی آخری تین آیتیں هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَآ اِلٰهَ سے ختم سورۃ تک پڑھ لے تو اس کے لیے خدا ستر ہزار فرشتے مقرر فرمائے گا جو شام تک اس پر رحمت بھیجتے رہیں گے اور اگر اس دن مر جائے گا تو شہید مرے گا اور جو شام کو یہ عمل کرے تو اس کے لیے خدا ستر ہزار فرشتے مقرر فرمائے گا جو اس پر صبح تک رحمت بھیجتے رہیں گے اور اگر اس رات کو مر جائے گا تو شہید مرے گا۔ (ترمذی)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

(۴) حضرت عطاء بن ابی رباحؒ تابعی فرماتے ہیں کہ مجھے یہ حدیث پہنچی ہے کہ جو شخص علی الصبح سورۂ یٰسین پڑھ لے (شام تک کی) اسکی حاجتیں پوری کر دی جائیں گی۔ (مشکوٰۃ شریف)

# رات کو پڑھنے کی چیزیں

(۱) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر رات میں سورۂ واقعہ پڑھ لیا کرے اسے کبھی فاقہ نہ ہوگا۔ (بیہقی)

(۲) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص آل عمران کی آخری دس آیتیں (اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے آخر سورہ تک) کسی رات کو پڑھ لے تو اسے رات بھر نماز پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ (مشکوٰۃ شریف)

(۳) حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کو جب تک سورہ الم سجدہ (جو اکیسویں پارے میں ہے) اور سورۂ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ نہ پڑھ لیتے تھے اس وقت تک نہ سوتے تھے۔ (ترمذی وغیرہ)

(۴) اور سورہ تَبٰرَكَ الَّذِیْ کے بارے میں آپؐ نے فرمایا ہے کہ ایک شخص کو سفارش کر کے اس نے بخشوا دیا۔ (مشکوٰۃ شریف)

http://mujahid.xtgem.com

# سوتے وقت پڑھنے کی چیزیں

جب سونے کا ارادہ کرے تو وضو کر لیوے اور اپنے بستر کو تین بار جھاڑ لیو پھر داہنی کروٹ پر لیٹ کر سر کے نیچے داہنا ہاتھ رکھ کر تین بار یہ پڑھے۔ (مشکوٰۃ و حصن حصین)

اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَجْمَعُ عِبَادَكَ (بخاری و مسلم)

اے اللہ مجھے اپنے عذاب سے بچائیو۔ جس روز تو اپنے بندوں کو جمع کرے گا۔

یا یہ پڑھے

بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ۔ (بخاری و مسلم)

اے میرے پروردگار میں نے تیرا نام لے کر اپنا پہلو رکھا۔ اور تیری قدرت سے اس کو اٹھاؤں گا اگر تو (سوتے میں) میرے نفس کو روک لیوے (یعنی مجھے موت دے دیوے) تو میرے نفس پر رحم کیجیو۔ اور اگر تو اسے زندہ چھوڑ دیوے تو اپنی قدرت کے ذریعہ اس کی حفاظت کیجیو جس کے ذریعہ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

## یا یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی    اے اللہ میں تیرا نام لے کر مرتا اور جیتا ہوں

اس کے علاوہ ۳۳ بار سُبْحٰنَ اللّٰہِ، ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، ۳۴ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ بھی پڑھے اور یہ چیزیں بھی پڑھے۔

① اٰیۃ الکرسی۔ اس کے پڑھنے سے اللہ کی جانب سے رات بھر ایک محافظ (فرشتہ) اس پر مقرر رہے گا، اور کوئی شیطان اس کے پاس نہ آئے گا لہٰذا اس کو ضرور ہی پڑھے ② سُورۂ فاتحہ ③ سُورۂ اخلاص ④ سورۂ کافرون ⑤ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ تین تین بار۔ اس کی فضیلت یہ ہے کہ پڑھنے والے کے سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کے جھاگوں کے برابر ہوں۔ ⑥ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے ختم سورہ تک۔ (مشکوٰۃ، حصن حصین)

**فائدہ:۔** رات کو بِسْمِ اللّٰہِ پڑھ کر دروازے بند کر دو، اور بِسْمِ اللّٰہِ پڑھ کر برتنوں کو ڈھک دو۔ (مشکوٰۃ، حصن حصین)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

# جب سونے لگے اور نیند نہ آئے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَ | اے اللہ ستارے چھپ گئے اور |
| هَدَأَتِ الْعُيُوْنُ وَاَنْتَ | آنکھوں نے آرام لیا، اور تو زندہ اور |
| حَيٌّ قَيُّوْمٌ لَا تَأْخُذُكَ سِنَةٌ | قائم رکھنے والا ہے۔ تجھے نہ اُونگھ آتی ہے |
| وَّلَا نَوْمٌ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَهْدِاُ | نہ نیند آتی ہے۔ اے زندہ اور قائم رکھنے والے |
| لَيْلِيْ وَاَنِمْ عَيْنِيْ۔ (حصن حصین) | اس رات کو مجھے آرام دے اور میری آنکھ کو سلا دے۔ |

## جب سوتے سوتے ڈر جائے یا گھبرا جائے یا نیند اُچٹ جائے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ | اللہ کے پورے کلمات کے واسطہ |
| التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ | سے میں اللہ کے غضب اور اس کے |
| وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ | عذاب اور اس کے بندوں کے شر سے |

ع اس سے آفتاب مراد ہے جو بہت ستاروں سے کئی گنا زیادہ ہے ۱۲

http://mujahid.xtgem.com

وَمِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ اور شیطانوں کے وسوسوں اور میرے پاس
وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔ (مشکوٰۃ) ان کے آنے سے پناہ چاہتا ہوں۔

فائدہ:۔ جب خواب میں اچھی بات دیکھے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے، اور اسے بیان کردے مگر اس ہی سے بیان کرے جس سے اچھے تعلقات ہوں، اور اگر بُرا خواب دیکھے تو اپنی بائیں طرف تین مرتبہ تھتکار دے اور کروٹ بدل دیوے، یا کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے اور تین مرتبہ یوں بھی کہے:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا۔ میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، شیطان مردود سے اور اس خواب کی بُرائی سے۔

بُرے خواب کو کسی سے ذکر نہ کرے۔ یہ سب عمل کرنے سے وہ خواب اسے کچھ ضرر نہ پہنچائے گا۔ (مشکوٰۃ وحصن حصین)

## جب سو کر اُٹھے تو یہ دُعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَحْيَانَا سب تعریفیں خدا کے لیے ہیں جس نے

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ۔ (بخاری ومسلم)

ہمیں مار کر زندگی بخش دی اور (ہم کو) اسی کی طرف اُٹھ کر جانا ہے۔

# جب تہجّد کے لیے اُٹھے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ حَقٌّ وَلِقَآؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ

اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے تو آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اس میں ہے ان سب کا قائم رکھنے والا ہے اور تیرے لیے حمد ہے تو آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان میں ہے ان سب کا روشن رکھنے والا ہے اور تیرے لیے حمد ہے تو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے ان کا بادشاہ ہے اور تیرے لیے حمد ہے تو حق ہے تیرا وعدہ حق ہے اور تیری ملاقات حق ہے، اور تیری بات حق ہے اور جنّت حق ہے اور

http://mujahid.xtgem.com

وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ۔

دوزخ حق ہے اور سب نبی حق ہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) حق ہیں، اور قیامت حق ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ۔ (بخاری ومسلم)

اے اللہ میں نے تیری اطاعت کے لیے سر جھکایا اور میں تجھ پر ایمان لایا، اور میں نے تجھ پر بھروسہ کیا، اور میں تیری طرف رجوع ہوا، اور تیری قوت سے میں نے (دشمنوں سے) جھگڑا کیا، اور تجھ ہی کو میں نے حاکم بنایا سو تو بخش دے جو میرے اگلے پچھلے گناہ ہیں، اور جو گناہ میں نے چھپا کر یا ظاہرا کیے ہیں اور جن گناہوں کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو ہی آگے بڑھانے والا ہے اور تو ہی پیچھے ہٹانے والا ہے، اور معبود صرف تو ہی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

http://mujahid.xtgem.com

اور آسمان کی طرف منہ اُٹھا کر سورۂ آل عمران کا پورا آخری رکوع بھی پڑھے

اور اس کے بعد دس بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور دس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور دس بار

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ اور دس بار سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ اور

دس بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اور دس بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور دس بار یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ ضِیْقِ الدُّنْیَا وَضِیْقِ یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔ (مشکوٰۃ)

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں، دنیا اور قیامت کے دن کی تنگی سے۔

پھر نماز شروع کرے۔

## جب پاخانہ جائے تو داخل ہونے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ[عہ] کہے اور یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ۔ (مشکوٰۃ)

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں، خبیث جنوں سے مرد ہوں یا عورت۔

عہ حدیث شریف میں ہے کہ شیطانوں کی آنکھوں اور انسانوں کی شرمگاہوں کے درمیان بِسْمِ اللّٰہِ آڑ بن جاتی ہے۔ (مشکوٰۃ)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## جب پاخانہ سے نکلے تو غُفْرَانَکَ عه کہے اور یہ پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ (مشکوٰۃ)

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی اور مجھے چین دیا۔

## جب وضو کرنا شروع کرے تو یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عه

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ اس کا وضو ہی نہیں جس نے بِسْمِ اللّٰهِ نہ پڑھی ہو (مشکوٰۃ)

## وضو کے درمیان یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ

اے اللہ میرے گناہ بخش دے اور میرے

عه اے اللہ تجھ سے بخشش کا سوال کرتا ہوں ۱۲ عه حدیث شریف میں وضو کے شروع میں اللہ کا نام لینا آیا ہے۔ اس کے الفاظ نہیں آئے۔ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہے۔

http://mujahid.xtgem.com

لِی فِی دَارِی وَبَارِکْ لِی فِی رِزْقِی۔ (نسائی)

(قبر کے) گھر کو وسیع فرما، اور میرے رزق میں برکت دے۔

## جب وضو کر چکے تو آسمان کی طرف منہ اُٹھا کر یہ پڑھے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

اس کو وضو کے بعد پڑھنے سے پڑھنے والے کے لیے جنّت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، جس دروازے سے چاہے داخل ہو۔ (مشکوٰۃ)

### پھر یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ۔ (حصن)

اے اللہ مجھے بہت توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں میں شامل کر دے۔

http://mujahid.xtgem.com

### اور یہ بھی پڑھے

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ (حصن)

اے اللہ تو پاک ہے اور میں تیری تعریف بیان کرتا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ صرف تو ہی معبود ہے میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں۔

## جب صبح کی نماز کے لیے نکلے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَّمِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّ

اے اللہ میرے دل میں نور کر دے اور میری آنکھوں میں نور کر دے اور میرے کانوں میں نور کر دے اور میرے دائیں نور کر دے اور میرے بائیں نور کر دے اور میرے پیچھے نور کر دے اور میرے آگے نور کر دے اور میرے لیے نور کر دے اور میرے پٹھوں میں نور کر دے اور

http://mujahid.xtgem.com

| | |
|---|---|
| فِی لَحْمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ دَمِیْ | میرے گوشت میں نور کر دے اور میرے |
| نُوْرًا وَّفِیْ شَعْرِیْ نُوْرًا وَّ | خون میں نور کر دے اور میرے بالوں میں |
| فِیْ بَشَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ | نور کر دے اور میری کھال میں نور کر دے |
| نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا | اور میری زبان میں نور کر دے اور میرے |
| وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ | نفس میں نور کر دے اور میرے لیے بڑا |
| نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ | نور مقرر کر دے اور مجھے نور کر دے اور |
| نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا | میرے اوپر نور کر دے اور میرے نیچے نور |
| اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا۔ (حصن حصین) | کر دے اے اللہ مجھے نور عنایت فرما۔ |

# جب مسجد میں داخل ہو تو

حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود وسلام بھیج کر یہ دُعا پڑھے

| | |
|---|---|
| رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ | اے رب میرے گناہوں کو بخش |
| وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ | دے اور میرے لئے اپنی رحمت کے |
| (ترمذی) | دروازے کھول دے۔ |

http://mujahid.xtgem.com

یا صرف یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ۔ (مسلم)

اے اللہ میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

## مسجد میں بیٹھے یہ پڑھے

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔ (ترمذی)

اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

## جب مسجد سے نکلے تو

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام بھیج کر یہ دُعا پڑھے

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ۔ (ترمذی)

اے رب میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لیے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔

http://mujahid.xtgem.com

یا صرف یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔ (مسلم)

اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

## جب اذان کی آواز سنے تو یہ پڑھے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں میں اللہ کو رب ماننے پر اور محمد ﷺ کو رسول ماننے پر اور اسلام کو دین ماننے پر راضی ہوں۔

حدیث شریف میں ہے کہ اذان کی آواز سن کر یہ دعا پڑھے تو اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (مسلم صفحہ ۱۶۷، ج ۱)

اور حدیث شریف میں ہے جو شخص مؤذن کا جواب دے اس کے

http://mujahid.xtgem.com

لیے جنّت ہے۔ (حصن)

لہٰذا مؤذن کا جواب دیوے یعنی جو مؤذن کہے وہی کہتا جاوے۔

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہے۔ (مشکوٰۃ)

## اذان ختم ہونے کے بعد درود شریف پڑھ کر یہ دُعا پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ | اے اللہ اس پُوری پکار کے رب اور قائم |
| التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ | ہونے والی نماز کے رب محمّد (صلّی اللہ علیہ |
| اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَ | وآلہٖ وسلم) کو وسیلہ عطا فرما (جو جنّت کا ایک |
| الْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا | درجہ ہے) اور ان کو فضیلت عطا فرما اور |
| مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ | ان کو مقامِ محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ |
| اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔ | فرمایا ہے۔ بیشک تو وعدہ خلافی نہیں فرماتا ہے۔ |

اس کے پڑھ لینے سے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔ (مشکوٰۃ)

http://mujahid.xtgem.com

**فائدہ:۔** جو اذان کے جواب میں کہے وہی اقامت کے جواب میں کہے اور جب قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ سُنے تو یوں کہے:۔

اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا {مشکوٰۃ و حصن} — اللہ اُسے (یعنی نماز کو) قائم اور ہمیشہ رکھے

## فرض نماز کا سلام پھیر کر سر پر داہنا ہاتھ رکھے اور یہ دُعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ. اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَالْحُزْنَ. (حصن)

میں نے اللہ کے نام کے ساتھ نماز ختم کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں (اور) جو رحمٰن و رحیم ہے۔ اے اللہ تو مجھ سے فکر اور رنج کو دُور کر دے۔

اور تین بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ کہے اور

## ان دُعاؤں میں سے کوئی دُعا پڑھے یا سب کو پڑھ لے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ

اے اللہ تو سلامت رہنے والا ہے اور تجھ ہی سے سلامتی مل سکتی ہے تو بابرکت

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

| | |
|---|---|
| يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ {بخاری ومسلم} | ہے اے بزرگی اور عظمت والے۔ |
| لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا | اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو تنہا ہے |
| شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ | اور جس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے |
| لَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ | ملک ہے اور اسی کے لیے سب تعریفیں |
| شَيْءٍ قَدِيْرٌ (بخاری) | ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ |
| اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ أَعْطَيْتَ | اے اللہ جو تو دے اس کا کوئی روکنے |
| وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَ | والا نہیں اور جو تو روکے اس کا کوئی دینے |
| لَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ | والا نہیں اور کسی مالدار کو تیرے عذاب سے |
| الْجَدُّ۔ | اس کی مالداری نہیں بچا سکتی۔ |
| اَللّٰهُمَّ إِنِّيْٓ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ | اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں |
| الْجُبْنِ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ | بزدلی سے اور پناہ چاہتا ہوں |
| الْبُخْلِ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ | کنجوسی سے اور پناہ چاہتا ہوں |
| أَرْذَلِ الْعُمُرِ وَأَعُوْذُ بِكَ | نکمی عمر سے اور پناہ چاہتا ہوں |
| مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ | دنیا کے فتنہ سے اور قبر کے |

http://mujahid.xtgem.com

اَلْقَبْرِ۔
عذاب سے۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ (ابوداؤد)

اے اللہ میری مدد فرما کہ میں تیرا ذکر کروں اور تیرا شکر ادا کروں اور تیری اچھی عبادت کروں۔

## وتر پڑھ کر تین مرتبہ یہ دُعا پڑھے

سُبْحٰنَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ۔

پاکی بیان کرتا ہوں بادشاہ کی (یعنی اللہ کی) جو بہت زیادہ پاک ہے۔

تیسری بار بآواز بلند کہے اور قُدُّوْسٌ کی دال کو خوب کھینچے۔ (حصن)

## چاشت کی نماز پڑھ کر یہ دُعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُصَاوِلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ۔ (حصن)

اے اللہ میں تجھ ہی سے اپنے مقاصد کی کامیابی طلب کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے دشمنوں پر حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد

http://mujahid.xtgem.com

سے جہاد کرتا ہوں۔

فائدہ ① ہر فرض نماز کے بعد ۳۳ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ اور ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور ۳۴ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھنے کی یہ فضیلت ہے کہ بہت زیادہ صدقہ کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ (بیہقی)

فائدہ ② ہر فرض نماز کے بعد جو کوئی آیت الکرسی پڑھ لیا کرے اس کے جنت میں جانے میں صرف مرنے کی دیر ہے۔ (بیہقی)

فائدہ ③ فرض نماز کے بعد چاروں قُل[ع] بھی پڑھنا چاہیئے۔ (مشکوٰۃ شریف)

# نمازِ فجر اور مغرب کے بعد پڑھنے کی دو چیزیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ یہ پڑھ لیا کرو اور اگر اس دن یا رات میں مرجاؤ گے تو تمہاری دوزخ سے ضرور خلاصی ہو گی۔

عہ یعنی قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ ۔ قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔ یہ مکمل چار سورتیں۔ کذا فی المرقاۃ ص۳۶۴ ج ۲ ۔

http://mujahid.xtgem.com

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ۔ (مشکوٰۃ)    اے اللہ مجھے دوزخ سے محفوظ فرما۔

دوسری حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ نماز فجر اور مغرب کے بعد ٹانگیں موڑے بغیر جو شخص دس مرتبہ یہ پڑھ لیا کرے تو اس کے لیے ہر مرتبہ کے بدلے دس نیکیاں لکھی جائیں گی اور اس کے دس گناہ (نامۂ اعمال سے) مٹا دیئے جائیں گے اور اس کے دس درجے بلند کر دیئے جائیں گے اور ہر بُری چیز سے اور شیطان مردود سے محفوظ رہے گا، اور شرک کے سوا کوئی گناہ اِسے ہلاک نہ کر سکے گا، اور وہ سب لوگوں سے افضل رہے گا۔ ہاں اگر کوئی اس سے زیادہ پڑھ کر آگے بڑھ جائے تو اور بات ہے۔ (مشکوٰۃ شریف)

| | |
|---|---|
| لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ | اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے |
| لَاشَرِیْكَ لَہٗ لَہُ الْمُلْكُ | اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے |
| وَلَہُ الْحَمْدُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ | ملک ہے اور اسی کے لیے سب تعریف |
| یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی | ہے، اسی کے ہاتھ میں خیر ہے وہ |
| کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ | زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ |
| | ہر چیز پر قادر ہے۔ |

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

# جب گھر سے نکلے تو یہ دُعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ (مشکوٰۃ شریف)

میں اللہ کا نام لے کر نکلا، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

# اور آسمان کی طرف منہ اُٹھا کر یہ بھی پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْھَلَ اَوْ یُجْھَلَ عَلَیَّ۔

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں گمراہ ہو جاؤں یا گمراہ کر دیا جاؤں، یا ظلم کروں یا مجھ پر ظلم ہو یا جہالت کروں یا مجھ پر جہالت ہو۔

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص گھر سے نکل کر پہلی دُعا[ع] کو پڑھ لے تو

ع یعنی بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ (مشکوٰۃ)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

شیطان ہٹ جاتا ہے یعنی اس کے بہکانے اور ایذا دینے سے باز رہتا ہے۔
(مشکوٰۃ ص۲۱۵)

## گھر میں داخل ہو تو یہ دُعا پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ | اے اللہ میں تجھ سے اچھا داخل ہونا |
| الْمَوْلِجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ | اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں۔ ہم اللہ کا |
| بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَعَلَی | نام لے کر داخل ہوئے اور ہم نے |
| اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا۔ | اللہ پر بھروسہ کیا۔ |

اس کے بعد اپنے گھر والوں کو سلام کرے۔ (مشکوٰۃ)

## جب بازار میں داخل ہو تو یہ دُعا پڑھے

| | |
|---|---|
| لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ | اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا |
| لَا شَرِیْكَ لَہٗ لَہُ الْمُلْكُ | ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے ملک ہے |
| وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ | اور اسی کے لیے حمد ہے وہی زندہ کرتا اور |
| وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ | مارتا ہے اور وہ خود زندہ ہے اسے موت |

http://mujahid.xtgem.com

بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

نہ آئے گی اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

بازار میں اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دس لاکھ نیکیاں لکھ دیں گے اور دس لاکھ گناہ معاف فرمادیں گے اور دس لاکھ درجے بلند فرمادیں گے اور اس کے لیے جنّت میں ایک گھر بنادیں گے۔ (مشکوٰۃ)

## اگر بازار میں کچھ بیچنا یا خریدنا ہو تو یہ دُعا بھی پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَافِيْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْصَفْقَةً خَاسِرَةً۔

میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا اے اللہ میں تجھ سے اس بازار کی اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کی خیر طلب کرتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات کے یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملہ میں ٹوٹا اٹھاؤں

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

پھر بازار سے واپس ہو کر دس آیتیں قرآن شریف کی کہیں سے پڑھے۔ (حصن)

## جب کھانا شروع کرے تو یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ۔ (مستدرک)
میں نے اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا۔

## اگر شروع میں بسم اللہ کہنا بھول گیا تو جب یاد آئے یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ (ترمذی)
میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔

**فائدہ:** جس کھانے پر بسم اللہ نہ پڑھی جائے شیطان کو اس میں ساتھ کھانے کا موقع مل جاتا ہے۔ (مشکوٰۃ شریف)

## جب کھانا کھا چکے تو یہ پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنَا
سب تعریفیں خدا کے لیے ہیں جس

http://mujahid.xtgem.com

وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ — نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا۔
(ابن السنی وغیرہ)

یا یہ پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ هُوَ — سب تعریفیں خدا ہی کے لیے ہیں جس
اَشْبَعَنَا وَاَرْوَانَا وَاَنْعَمَ — نے ہمارا پیٹ بھرا اور ہمیں سیراب کیا،
عَلَیْنَا وَاَفْضَلَ۔ — اور ہمیں انعام دیا اور بہت دیا۔

کھانا کھانے کے شروع میں بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ اور آخر میں اس دُعا کے پڑھ لینے سے قیامت کے دن کھانے کی پوچھ نہ ہوگی۔ (حصن عن الحاکم)

یا یہ پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنِیْ — سب تعریفیں خدا ہی کے لیے ہیں،
هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیْهِ — جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور مجھے
مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ — نصیب کیا بغیر میری کوشش اور
وَلَا قُوَّۃٍ۔ — قوّت کے۔

کھانا کھانے کے بعد اس کو پڑھ لینے سے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ (مشکوٰۃ)

http://mujahid.xtgem.com

## جب دسترخوان سے اٹھنے لگے تو یہ دُعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ غَیْرَ مَکْفِیٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًی عَنْہُ رَبَّنَا۔ (مشکوٰۃ)

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، ایسی تعریف جو بہت ہو اور پاکیزہ ہو اور بابرکت ہو، اے ہمارے رب ہم اس کھانے کو کافی سمجھ کر یا بالکل رخصت کر کے یا اس سے غیر محتاج ہو کر نہیں اٹھ رہے ہیں۔

## کھانا کھانے کے بعد جب ہاتھ دھوئے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَشْبَعْتَ وَاَرْوَیْتَ فَھَنِّئْنَا وَرَزَقْتَنَا فَاَکْثَرْتَ وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا۔ (حصن)

اے اللہ تو نے ہمارا پیٹ بھرا اور ہمیں سیراب کیا، سو تو اسے ہمارے بدن میں لگا دے اور تو نے ہمیں رزق دیا اور بہت دیا اور اچھا اچھا دیا سو تو ہمیں اور دے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

# دُودھ پی کر یہ دُعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ — اے اللہ تو اس میں ہمیں برکت دے
وَزِدْنَا مِنْهُ۔ (مشکوٰۃ) — اور ہم کو اور زیادہ دے۔

# جب کسی کے یہاں دعوت کھائے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ — اے اللہ جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا
وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ۔ (حصن) — اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔

یا یہ پڑھے

اَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ — نیک بندے تمہارا کھانا کھائیں اور
وَصَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ — فرشتے تم پر رحمت بھیجیں اور روزہ دار
وَاَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّآئِمُوْنَ — تمہارے پاس افطار کریں۔
(شرح السنۃ)

عہ اور اس کے ساتھ وہ دُعائیں بھی پڑھے جو پہلے گذر چکی ہیں، جن میں اللہ کا شکر اور حمد ہے ۱۲

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

# جب میزبان کے گھر سے چلنے لگے تو یہ دُعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔ (مسلم)

اے اللہ ان کے رزق میں برکت دے اور ان کو بخش دے اور ان پر رحم فرما۔

# پینے کا بیان

پانی یا کوئی اور چیز بیٹھ کر پیئے اور اونٹ کی طرح ایک سانس میں نہ پیئے بلکہ دو یا تین سانسوں میں پیئے اور برتن میں نہ سانس لے نہ پھونکے۔ اور جب پینے لگے تو بِسْمِ اللّٰهِ پڑھے اور جب پی چکے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے۔ (مشکوٰۃ)

# جب روزہ افطار کرنے لگے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى

اے اللہ میں نے تیرے لئے ہی روزہ

http://mujahid.xtgem.com

رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ۔ (ابوداؤد شریف)

رکھا اور تیرے ہی دیئے ہوئے رزق پر روزہ کھولا۔

## یا یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ اَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ۔ (حصن)

اے اللہ میں تجھ سے تیری اس رحمت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں، جو ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے کہ تو میرے گناہ معاف فرمادے۔

## افطار کے بعد یہ پڑھے

ذَهَبَ الظَّمَاُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔

پیاس چلی گئی اور رگیں تر ہوگئیں اور ان شاء اللہ ثواب ثابت ہو چکا۔ (ابوداؤد)

## اگر کسی کے یہاں افطار کرے تو یہ پڑھے

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ وَ

تمہارے پاس روزہ دار افطار کریں اور

http://mujahid.xtgem.com

| | |
|---|---|
| اَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ | نیک بندے تمہارا کھانا کھائیں اور |
| وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ | فرشتے تم پر رحمت بھیجیں۔ (حصن) |

## جب کپڑا پہنے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ كَسَانِىْ | سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے |
| هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ | جس نے یہ پہنایا اور مجھے نصیب |
| غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّىْ وَلَا قُوَّةٍ | کیا بغیر میری کوشش اور قوت کے۔ |

کپڑا پہن کر اس کو پڑھ لینے سے اگلے پچھلے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ (مشکوٰۃ)

## جب نیا کپڑا پہنے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا | اے اللہ تیرے لیے سب تعریف |
| كَسَوْتَنِيْهِ اَسْئَلُكَ | ہے جیسا کہ تونے یہ کپڑا مجھے پہنایا |
| خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ | میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس |

http://mujahid.xtgem.com

لَہٗ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ۔ (ترمذی وابوداؤد)

چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اور میں تجھ سے اس کی برائی اور اس چیز کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے۔

## نیا کپڑا پہننے کی دوسری دعاء

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص نیا کپڑا پہن کر یہ دعا پڑھے اور پرانے کپڑے کو صدقہ کردے تو زندگی میں مرنے کے بعد خدا کی حفاظت اور خدا کے چھپانے میں رہے گا۔ (یعنی خدا اسے مصیبتوں سے محفوظ رکھے گا اور اس کے گناہوں کو پوشیدہ رکھے گا)۔ (مشکوٰۃ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَ

سب تعریف خدا کے لیے ہے جس نے مجھے کپڑا پہنایا جس سے میں اپنی

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیٰوتِیْ۔ شرم کی چیز چھپاتا ہوں اور اپنی زندگی میں اس کے ذریعہ خوبصورتی حاصل کرتا ہوں

فائدہ:۔ جب کپڑے اتارے تو بِسْمِ اللّٰہ کہہ کر اتارے کیونکہ بِسْمِ اللّٰہ کی وجہ سے شیطان اس کی شرمگاہ کی طرف دیکھ سکے گا۔ (حصن)

## جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھے تو یہ دُعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ۔ (حصن) اے اللہ جیسے تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میرے اخلاق بھی اچھے کر دے۔

## جب کسی عورت سے نکاح کر کے گھر میں لائے یا کوئی جانور خریدے تو یہ دُعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْهِ وَ اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی اور اس کے اخلاق و عادات کی بھلائی کا

http://mujahid.xtgem.com

أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَ شَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ۔

سوال کرتا ہوں اور اس کے شر اور اس کے اخلاق و عادات کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

فائدہ:- اس کو پڑھ کر بیوی کی پیشانی کے بال پکڑ کر برکت کی دُعا کرے، اور اگر اونٹ خریدا ہو تو اُوپر سے اس کا کوہان پکڑ کے اس دُعا کو پڑھے۔ (مشکوٰۃ شریف)

# دُولہا کو یوں مبارکبادی دیوے

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكُمَا وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ۔ (مشکوٰۃ)

اللہ تجھے برکت دے اور تم دونوں پر برکت نازل کرے اور تم دونوں کا خوب نباہ کرے۔

# جب بیوی سے ہمبستری کا ارادہ کرے تو یہ دُعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا

میں اللہ کا نام لے کر یہ کام کرتا ہوں اے

http://mujahid.xtgem.com

اَلشَّیْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّیْطٰنَ مَارَزَقْتَنَا۔

اللہ تو ہمیں شیطان سے بچا اور جو اولاد تو ہم کو دے اس سے (بھی) شیطان کو دور رکھ۔

اس دُعا کے پڑھ لینے کے بعد اس وقت کی ہمبستری سے جو اولاد پیدا ہوگی شیطان اسے کبھی ضرر نہ پہنچا سکے گا۔ (بُخاری و مسلم)

**فائدہ:۔** اس کو ضرور پڑھنا چاہیئے، کیونکہ ہمبستری کے وقت اللہ کا نام نہ لینے سے شیطان کا نطفہ بھی مرد کے نطفہ کے ساتھ اندر چلا جاتا ہے۔ (مظاھر حق)

# صُحبت کرتے وقت جب منی نکلے تو دل میں یہ دُعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْ لِلشَّیْطٰنِ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ نَصِیْبًا۔ (حصن)

اے اللہ جو اولاد تو مجھے دے، اس میں شیطان کا کچھ حصّہ نہ کر۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

فائدہ نمبر۱:۔ ساتویں روز بچّہ کا نام رکھے اور عقیقہ کرے۔

فائدہ نمبر۲:۔ جب بچہ پیدا ہو تو اللہ تعالیٰ کے کسی نیک بندے کے پاس لے جائے اور ان سے برکت کی دُعاء کرائے اور کھجور یا چھوہارے (یا کوئی اور چیز) ان سے چبوا کر بچہ کے منہ میں ڈلوائے۔

فائدہ نمبر۳:۔ جب بچہ بولنے لگے تو پہلے اسے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سکھاوے اور یہ آیت بھی یاد کراوے۔

| | |
|---|---|
| وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا۔ (حصن) | اور کہہ دیجئے کہ تمام تعریف اسی اللہ (پاک) کے لیے ہے جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ سلطنت میں اس کا کوئی شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی بزرگی خوب خوب بیان کیا کیجئے۔ |

## جب نیا چاند دیکھے تو یہ دُعاء پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَیْنَا | اے اللہ اسے تو ہمارے اُوپر برکت |

http://mujahid.xtgem.com

| | |
|---|---|
| بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَ السَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰى رَبِّيْ وَ رَبُّكَ اللّٰهُ۔ (ترمذی) | اور ایمان اور سلامت اور اسلام کے ساتھ اوران اعمال کی توفیق کے ساتھ نکلا ہوا رکھ جو تجھے پسند ہیں اور جن سے تو راضی ہے اے چاند میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔ |

## اور جب پورے چاند پر نظر پڑے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا۔ (حصن) | میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں اس کے شر سے۔ |

## جب غصّہ آوے یا گدھے یا کتّے کی آواز سُنے یا بُرے وسوسے آئیں تو یہ دُعا پڑھے

| | |
|---|---|
| اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ | میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان |

http://mujahid.xtgem.com

الرَّجِیۡمِ۔ مردود سے۔

اور جب مرغ کی آواز سُنے تو اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرے۔ (مشکوٰۃ وحصن)

## جب کسی کو رخصت کرے تو یہ پڑھے

اَسۡتَوۡدِعُ اللّٰہَ دِیۡنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِیۡمَ عَمَلِكَ۔ (حصن حصین)

اللہ کے سپرد کرتا ہوں تیرا دین اور تیری امانتداری کی صفت اور تیرے عمل کا انجام۔

## اور اگر وہ سفر کو جا رہا ہو تو یہ دُعا بھی دیوے

زَوَّدَكَ اللّٰہُ التَّقۡوٰی وَغَفَرَ ذَنۡبَكَ وَ یَسَّرَ لَكَ الۡخَیۡرَ حَیۡثُ مَا كُنۡتَ۔ (ترمذی)

خدا پرہیزگاری کو تیرے سفر کا سامان بنائے اور تیرے گناہ بخشے، اور جہاں تو جائے وہاں تیرے لیے خیر آسان کرے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

# پھر جب وہ چلا جائے تو اُسے یہ دُعا دیوے

اَللّٰهُمَّ اطْوِلَهُ الْبُعْدَ وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ۔ (مشکوٰۃ)

اے اللہ اس کے سفر کا راستہ جلدی طے کرا دے اور اس پر سفر آسان کر دے۔

اور جو رخصت ہو رہا ہو اسے چاہیے کہ چلتے وقت رخصت کرنے والے کو یہ دعا دیوے۔

اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِي لَا تَضِيعُ وَدَائِعُهُ۔ (حصن)

تم کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں جس کی حفاظت میں دی ہوئی چیزیں ضائع نہیں ہوتی ہیں۔

# جب سفر کا ارادہ کرے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصُوْلُ وَبِكَ اَحُوْلُ وَبِكَ اَسِيْرُ۔ (حصن)

اے اللہ میں تیری ہی مدد سے (دشمنوں پر) حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے (ان کے دفع کرنے کی) تدبیر کرتا ہوں اور

http://mujahid.xtgem.com

تیری ہی مدد سے چلتا ہوں۔

جب سوار ہونے لگے اور رِکاب (یا پائدان) پر قدم رکھے، تو بِسْمِ اللّٰہ کہے اور جب جانور کی پُشت (یا سیٹ) پر بیٹھ جائے، تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے پھر یہ آیت پڑھے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔ (مشکوٰۃ)

اللہ پاک ہے جس نے اس کو ہمارے قبضہ میں دے دیا، اور ہم (اس کی قدرت کے بغیر) اسے قبضہ میں کرنے والے نہ تھے اور بلاشبہ ہم کو اپنے رب کی طرف ضرور جانا ہے۔

اس کے بعد تین بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور تین بار اَللّٰہُ اَكْبَرُ کہے اور پھر یہ پڑھے۔[1]

سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ

اے خدا تو پاک ہے بے شک میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا تو تو مجھے بخش

---

[1] اس دُعا کو پڑھ کر مسکرانا بھی مستحب ہے ۱۲ (مشکوٰۃ)

http://mujahid.xtgem.com

لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ — دے کیونکہ صرف تو ہی گناہ بخشتا ہے۔

# جب سفر کو روانہ ہونے لگے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا الْبِرَّ وَ التَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی۔ (مشکوٰۃ)

اے اللہ ہم تجھ سے اس سفر میں نیکی اور پرہیز گاری کا سوال کرتے ہیں اور ان اعمال کا سوال کرتے ہیں جن سے آپ راضی ہوں۔

اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا ھٰذَا وَاطْوِلَنَا بُعْدَهٗ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَ الْخَلِیْفَةُ فِی الْاَھْلِ۔

اے اللہ ہمارے اس سفر کو ہم پر آسان فرما دے اور اس کا راستہ جلدی جلدی طے کرا دے، اے اللہ تو سفر میں ہمارا ساتھی ہے اور ہمارے پیچھے گھر کا کارساز۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَ

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں سفر کی مشقّت سے اور بُری حالت

http://mujahid.xtgem.com

كَآبَةِ الْمَنظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَ الْأَهْلِ وَالْوَلَدِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ۔ (حصن)

کے دیکھنے سے اور واپس ہو کر مال میں یا اولاد میں بُرائی دیکھنے سے اور بننے کے بعد بگڑنے سے اور مظلوم کی بد دُعا سے۔

جب بلندی پر چڑھے تو اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھے اور جب بلندی سے نیچے اُترے تو سُبْحٰنَ اللّٰهِ کہے اور جب کسی میدان یا پانی بہنے کے نشیب میں گزرے تو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھے۔ اگر پیر پھسل جائے یا ایکسیڈنٹ ہو جائے تو بِسْمِ اللّٰهِ کہے۔ (حصن)

## بحری جہاز یا کشتی پر سوار ہو تو یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَ مُرْسٰىهَا ط اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ

اللہ کے نام کے ساتھ ہے اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا۔ بیشک میرا پروردگار ضرور بخشنے والا اور مہربان ہے اور کافروں

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

| | |
|---|---|
| حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ | نے خدا کو نہ پہچانا، جیسا کہ اسے پہچاننا |
| جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ | چاہیئے، حالانکہ قیامت کے دن |
| الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ | ساری زمین اس کی مٹھی میں ہوگی اور |
| مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ | آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے |
| سُبْحٰنَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا | ہوئے ہوں گے۔ وہ پاک ہے اور |
| يُشْرِكُوْنَ۔ (حصن) | اس عقیدہ سے برتر ہے جو مشرک شرکیہ |
| | عقیدہ رکھتے ہیں۔ |

## جب کسی منزل یا ریلوے اسٹیشن یا موٹر سٹینڈ پر اُترے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ | اللہ کے پورے کلموں کے واسطے |
| التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ | سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، اس کی |
| مَا خَلَقَ۔ | مخلوق کے شر سے۔ |

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

اس دُعا کے پڑھ لینے سے کوئی چیز وہاں سے کوچ کرنے تک اسے ضرر نہ پہنچائے گی۔ (مُسلم)

## جس شہر یا بستی میں جانا ہو جب وہ نظر آئے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَآ اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَآ اَقْلَلْنَ وَ رَبَّ الشَّیٰطِیْنِ وَمَآ اَضْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّیَاحِ وَمَا ذَرَیْنَ فَاِنَّا نَسْئَلُكَ خَیْرَ ھٰذِہِ الْقَرْیَةِ وَ خَیْرَ اَھْلِھَا وَنَعُوْذُ بِكَ

اے اللہ جو ساتوں آسمانوں اور ان سب چیزوں کا رب ہے جو آسمان کے نیچے ہیں اور جو ساتوں زمینوں اور ان سب چیزوں کا رب ہے جو اُن کے اُوپر ہیں، اور جو شیطانوں کا اور ان سب کا رب ہے، جن کو شیطانوں نے گمراہ کیا ہے اور جو ہواؤں کا اور ان چیزوں کا رب ہے جنھیں ہواؤں نے اڑایا ہے، سو ہم تجھ سے اس آبادی کی اور اس کے باشندوں

http://mujahid.xtgem.com

مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ اَهْلِهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا۔ (حصن)

کی خیر کا سوال کرتے ہیں اور اس کے شر سے اور اس کی آبادی کے شر سے اور ان چیزوں کے شر سے تیری پناہ چاہتے ہیں جو اس کے اندر ہیں۔

## جب کسی شہر یا بستی میں داخل ہونے لگے تو تین بار یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهَا۔

اے اللہ تو ہمیں اس میں برکت دے

اور پھر یہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاهَا وَحَبِّبْنَا اِلٰى اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِيْ اَهْلِهَا اِلَيْنَا۔ (طبرانی)

اے اللہ تو ہمیں اس کے میوے نصیب فرما اور یہاں کے باشندوں کے دلوں میں ہماری محبت اور یہاں کے نیک لوگوں کی محبّت ہمارے دلوں میں پیدا فرما۔

http://mujahid.xtgem.com

## جب سفر میں رات ہو جائے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| يَا اَرْضُ رَبِّيْ وَرَبُّكِ اللّٰهُ | اے زمین، میرا اور تیرا رب اللہ ہے، |
| اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ | میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں تیرے شر سے |
| وَشَرِّ مَا خُلِقَ فِيْكِ وَ | اور ان چیزوں کے شر سے جو تجھ میں |
| شَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ | پیدا کی گئی ہیں اور تجھ پر چلتی ہیں، |
| وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ اَسَدٍ | اور اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیر سے |
| وَّاَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ | اور اژدہے سے اور سانپ سے |
| وَالْعَقْرَبِ وَمِنْ شَرِّ | اور بچھو سے اور اس شہر کے رہنے |
| سَاكِنِي الْبَلَدِ وَمِنْ | والوں کے شر سے اور باپ سے |
| وَّالِدٍ وَّمَا وَلَدَ۔ (حصن) | اور اولاد سے۔ |

## سفر میں جب سحر کا وقت ہو تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ | سُننے والے نے (ہم سے) اللہ کی |

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

وَنِعْمَتِهٖ وَحُسْنِ بَلَائِهٖ عَلَيْنَا رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَ اَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ۔

(مسلم شریف)

تعریف بیان کرنا سُنا اور اس کی نعمت کا اور اس کا ہم کو اچھے حال میں رکھنے کا اقرار جو ہم نے کیا وہ بھی سُنا، اے ہمارے رب تو ہمارے ساتھ رہ اور ہم پر فضل کر۔ یہ دُعا کرتے ہوئے دوزخ سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔

فائدہ ① حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو سوار اپنے سفر میں دنیاوی باتوں سے دل ہٹا کر اللہ کی طرف دھیان رکھے اور اس کی یاد میں لگا رہے تو اس کے ساتھ فرشتہ رہتا ہے اور جو شخص واہیات شعروں میں یا کسی بیہودہ شغل میں لگا رہتا ہے تو اس کے ساتھ شیطان رہتا ہے۔

فائدہ ② جب کسی سفر میں دشمن وغیرہ کا خطرہ ہو تو سورۂ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ پڑھے۔ (حصن)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

# جب سفر سے واپسی ہو تو ہر بلندی پر تین بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور پھر یہ پڑھے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَعَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ آيِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سٰجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حٰمِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَ نَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ۔

(بخاری و مسلم)

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے ملک ہے، اور اُسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں (اللہ کی) بندگی کرنے والے ہیں، سجدہ کرنے والے ہیں، اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں، اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دیا اور اپنے بندے کی مدد کی اور اس کے مخالف لشکروں کو شکست دی۔

http://mujahid.xtgem.com

# جب سفر سے واپس ہو کر گھر میں داخل ہو تو

یہ دُعا پڑھے

آوْبًا آوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا لَا یُغَادِرُ عَلَیْنَا حَوْبًا۔ (حصن)

میں واپس آیا ہوں، میں واپس آیا ہوں اپنے رب کے سامنے ایسی توبہ کرتا ہوں جو ہم پر کوئی گناہ نہ چھوڑے۔

# جب دوسرے کو کسی مصیبت یا پریشانی یا بُرے حال میں دیکھے تو یہ دُعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے اس حال سے بچایا، جس میں تجھے مبتلا کیا اور اس نے اپنی بہت سی مخلوق پر مجھے فضیلت دی۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

اس کی فضیلت یہ ہے کہ اس کے پڑھ لینے سے وہ مصیبت یا پریشانی پڑھنے والے کو نہ پہنچے گی جس میں وہ مبتلا تھا جسے دیکھ کر یہ دُعاء پڑھی ہو۔ (مشکوٰۃ)

تنبیہ:- اگر وہ شخص مصیبت میں مبتلا ہو تو اس دُعاء کو آہستہ پڑھے۔

## جب کسی مسلمان کو ہنستا دیکھے تو یہ دُعا دے

اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ۔ (حصن) خدا تجھے ہنستا رکھے۔

## جب قبرستان میں جائے تو یہ دُعا پڑھے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَ نَحْنُ بِالْاَثَرِ (ترمذی)

اے قبروں والو تم پر سلام ہو ہم کو اور تم کو اللہ بخشے، تم ہم سے پہلے چلے گئے اور ہم بعد میں آنے والے ہیں۔

-:٭:-

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## مجلس سے اٹھنے سے پہلے تین بار یہ پڑھے

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔

اے اللہ تو پاک ہے اور میں تیری حمد بیان کرتا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے معافی چاہتا ہوں اور تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں۔

اگر مجلس میں اچھی باتیں کی ہوں گی تو یہ کلمات ان پر مُہر بن جائیں گے اور فضول اور لغو باتیں کی ہوں گی تو وہ معاف ہو جائیں گی۔ (ترغیب وغیرہ)

## جب کوئی پریشانی یا بے چینی ہو تو یہ دُعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْٓ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ

اے اللہ میں تیری رحمت کی امید کرتا ہوں تو مجھے پل بھر بھی میرے سپرد نہ کر اور میرا سارا حال درست کر دے۔

http://mujahid.xtgem.com

كُلُّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (حصن)

## جب دشمنوں کا خوف ہو تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔ (ابوداؤد)

اے اللہ ہم تجھے ان (دشمنوں) کے سینوں میں (تصرف کرنے والا) بناتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔

## ادائے قرض کی دعاء

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ (ترمذی)

اے اللہ حرام سے بچاتے ہوئے اپنے حلال کے ذریعہ تو میری کفایت فرما اور اپنے فضل کے ذریعہ تو مجھے دوسروں سے بے نیاز کر دے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

# جب کوئی مصیبت پہنچے (اگرچہ کانٹا ہی لگ جائے) تو یہ پڑھے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

بیشک ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور ہم اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ فِیْ مُصِيْبَتِیْ وَاخْلِفْ لِیْ خَيْرًا مِّنْهَا۔ (مسلم)

اے اللہ میری مصیبت میں مجھے اجر دے اور اس کے بدلے میں مجھے اس سے اچھا بدل عنایت فرما۔

# جب کسی مریض کی عیادت کرے تو اس سے یوں کہے

لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ

کچھ حرج نہیں، انشاء اللہ یہ بیماری تم

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

شَآءَ اللّٰہُ (مشکوٰۃ) کو گناہوں سے پاک کر دے گی۔

# اور سات مرتبہ اس کے شفایاب ہونے کی یوں دُعا کرے

اَسْاَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَكَ۔

میں اللہ سے سوال کرتا ہوں جو بڑا ہے اور بڑے عرش کا رب ہے، کہ تجھے شفا دیوے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ سات مرتبہ اس کے پڑھنے سے مریض کو ضرور شفا ہو گی۔ ہاں اگر اس کی موت ہی آگئی ہو تو دوسری بات ہے۔ (مشکوٰۃ)

# بارش کے لیے تین بار یوں پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا۔ (حصن حصین) اے اللہ ہم پر بارش برسا۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

یا یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْ عَلٰی اَرْضِنَا زِیْنَتَھَا وَسَکَنَھَا۔ (حصن)

اے اللہ ہماری زمین پر اس کی زینت (یعنی پھول بوٹے) اور اس کا چین اُتار

## جب بادل آتا ہوا نظر پڑے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَ بِهٖ اَللّٰھُمَّ سَيْبًا نَّافِعًا۔ (حصن)

اے اللہ ہم تیری پناہ چاہتے ہیں اس چیز کی بُرائی سے جسے لے کر یہ بھیجا گیا ہے، اے اللہ اس ابر کو خیر و برکت اور نفع دینے والا بنا۔

## اور جب بارش ہونے لگے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ صَيِّبًا نَّافِعًا۔ (بخاری)

اے اللہ اس کو بہت برسنے والا اور نفع بخش بنا۔

-:۔:-

http://mujahid.xtgem.com

## اور جب بارش حد سے زیادہ معلوم ہونے لگے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا | اے اللہ ہمارے آس پاس اس کو برسا |
| عَلَيْنَا۔ اَللّٰھُمَّ عَلَى | اور ہم پر نہ برسا، اے اللہ ٹیلوں پر اور |
| الْاٰكَامِ وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ | بنوں میں اور پہاڑوں میں اور نالوں |
| وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ | میں اور درخت پیدا ہونے کی |
| الشَّجَرِ۔ (بخاری ومسلم) | جگہ پر برسا۔ |

**فائدہ:** جب بادل آ کر بغیر برسے لوٹ جائے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا چاہیئے۔ (حصن)

## جب گرجنے اور کڑکنے کی آواز سنے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ | اے اللہ ہم کو اپنے غضب سے قتل نہ فرما |
| وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ | اور اپنے عذاب سے ہمیں ہلاک نہ کر |

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ۔ اور اس سے پہلے ہمیں چین دے۔
(حصن حصین)

## جب آندھی آئے تو اس کی طرف منہ کرے اور دو زانوں بیٹھ کر یہ دُعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رَحْمَةً لے اللہ اسے رحمت بنا، اور اسے
وَّلَا تَجْعَلْهَا عَذَابًا عذاب نہ بنا۔ لے اللہ اسے نفع
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رِيَاحًا والی ہوا بنا اور نقصان والی ہوا نہ بنا
وَّلَا تَجْعَلْهَا رِيْحًا۔ (حصن حصین)

فائدہ: اگر آندھی کے ساتھ اندھیرا بھی ہو (جسے کالی آندھی کہتے ہیں) تو قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھے۔ (مشکوٰۃ)

## حج کا تلبیہ

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ میں حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں

http://mujahid.xtgem.com

لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَ النِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ۔ (مشکوٰۃ)

میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں ہے، میں حاضر ہوں، بے شک حمد اور نعمت تیرے ہی لیے ہے اور ملک بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔

## شبِ قدر میں یہ دُعا مانگے

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔ (حصن حصین)

اے اللہ بلاشبہ تو معاف کرنے والا ہے۔ معاف کرنے کو پسند کرتا ہے، لہٰذا تو مجھے معاف فرمادے۔

http://mujahid.xtgem.com

## جب کوئی سلام بھیجے تو سلام لانے والے کو خطاب کر کے یوں کہے

عَلَیْکَ وَعَلَیْهِ السَّلَامُ۔

تجھ پر اور اس پر سلام ہو۔ (حصن حصین)

جب کسی سے اللہ کے لیے محبت ہو تو اس کو ظاہر کر دیوے، کہ مجھے آپ سے محبت ہے۔ اس کے جواب میں دوسرے کو یوں کہنا چاہیئے۔

اَحَبَّكَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَهٗ۔ (حصن حصین) وہ (خدا) تجھ سے محبت کرے جس کے لیے تو نے مجھ سے محبت کی۔

## اپنے ساتھ احسان کرنے والے کو یہ دعا دیوے

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا۔ (مشکوٰۃ) تجھے اللہ (اس کی) جزائے خیر دیوے۔

## جب قرضدار قرضہ ادا کر دیوے تو اس کو یہ دُعا دیوے

اَوْفَيْتَنِیْ اَوْفَى اللّٰهُ بِكَ۔ (حصن) تو نے میرا قرض ادا کر دیا، اللہ تجھے (دنیا و آخرت میں) بہت دیوے۔

## جب کوئی اپنی محبوب چیز دیکھے تو یہ پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

تَتِمُّ الصّٰلِحٰتُ۔ (حصن) کی نعمت سے اچھی چیزیں مکمل ہوتی ہیں۔

## اور جب کوئی دل برا کرنے والی چیز پیش آئے تو یوں کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ۔ (حصن حصین) ہر حال میں اللہ تعریف کا مستحق ہے۔

## جب کوئی چیز گم ہو جائے یا غلام یا جانور بھاگ جائے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّآلَّۃِ وَھَادِیَ الضَّآلَّۃِ اَنْتَ تَھْدِیْ مِنَ الضَّلَالَۃِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ بِقُدْرَتِكَ

اے اللہ! اے گم شدہ کو واپس کرنے والے اور راہ بھٹکے کو راہ دکھانے والے، تو ہی گم شدہ کو راہ دکھاتا ہے اپنی قدرت اور غالبیت کے ذریعے میری گم شدہ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

وَسُلْطٰنِكَ فَاِنَّهَا مِنْ عَطَآئِكَ وَفَضْلِكَ۔ (طبرانی)

چیز کو واپس فرمادے، کیونکہ وہ بیشک تیری عنایت اور تیرے فضل سے مجھ کو ملی تھی۔

## جس کی زبان بہت چلتی ہو اُسے چاہیئے کہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (نسائی وغیرہ) پڑھا کرے۔

میں اللہ سے مغفرت کا سوال کرتا ہوں

## جب نیا پھل پاس آئے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا۔

اے اللہ ہمیں ہمارے پھلوں میں برکت دے اور ہمیں ہمارے شہر میں برکت دے اور ہمارے غلّہ ناپنے کے پیمانوں میں ہمیں برکت دے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

اس کے بعد اس پھل کو اپنے سب سے چھوٹے بچّہ کو دے دے۔ (مسلم شریف)
یا اس وقت اس مجلس میں جو سب سے چھوٹا بچہ ہو اس کو دے دے (حصن حصین)

# جب آگ لگتی دیکھے تو

اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔

کے ذریعہ بجھا دیوے یعنی اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھے جس سے وہ بجھ جائے گی۔ (حصن)

# جلے ہوئے پر یہ پڑھ کر دم کرے

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شَافِیَ اِلَّآ اَنْتَ۔ (حصن حصین)

اے سب انسانوں کے رب تکلیف کو دور فرما، تو شفا دے تو ہی شفا دینے والا ہے، تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں۔

-:۔:۔:-

http://mujahid.xtgem.com

# اگر دشمن گھیر لیں تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا | اے اللہ ہماری آبرو کی حفاظت فرما |
| وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا۔ (حصن) | اور خوف ہٹا کر ہم کو امن سے رکھ۔ |

# جب آبِ زمزم پیئے تو یہ دُعا پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا | اے اللہ میں تجھ سے نفع دینے والے |
| نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّ | علم اور فراخی والے رزق اور ہر مرض سے |
| شِفَآءً مِّنْ كُلِّ دَآءٍ۔ | شفاء کا سوال کرتا ہوں۔ (مستدرک) |

# آنکھ دُکھنے آجائے تو یہ دُعا پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ | اے اللہ میری بینائی سے مجھے نفع پہنچا |
| وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّیْ | اور میرے مرتے دم تک اسے باقی رکھ۔ |
| وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ | اور دشمن میں میرا انتقام مجھے دکھا، |

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ (حصن)

اور جس نے مجھ پر ظلم کیا اس کے مقابلہ میں میری مدد فرما۔

## اگر بدن میں کسی جگہ درد ہو

یا اور کوئی تکلیف ہو تو تکلیف کی جگہ داہنا ہاتھ رکھ کر پہلے تین بار بِسْمِ اللّٰہِ کہے اور پھر سات بار یہ پڑھے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ۔ (مسلم)

اللہ کی ذات اور اس کی قدرت کی پناہ لیتا ہوں اس چیز کے شر سے جس کی تکلیف پا رہا ہوں اور جس سے ڈر رہا ہوں۔

## جس کسی کا پیشاب بند ہو جائے یا پتھری کا مرض ہو تو یہ پڑھ کر دم کرے

رَبُّنَا اللّٰہُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ

ہمارا رب وہ اللہ ہے جو آسمان میں

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

تَقَدَّسَ اِسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ وَ اغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطٰيٰنَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآءِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ۔ (مسلم)

(معبود) ہے، تیرا نام پاک ہے، تیرا حکم آسمان اور زمین میں جاری ہے، جیسا کہ تیری رحمت آسمان میں ہے سو تو زمین میں وہی اپنی رحمت بھیج، اور ہمارے گناہ اور ہماری خطائیں بخش دے تو پاکیزہ لوگوں کا رب ہے۔ سو تو اپنی شفاؤں میں سے ایک شفاء اور اپنی رحمتوں میں سے ایک رحمت اس درد پر اتار دے۔

**فائدہ:** کسی کو زہریلا جانور ڈس لیوے تو سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ (ترمذی)

## جب کسی کو نظر لگ جائے تو یہ پڑھ کر دم کرے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ

میں اللہ کے نام سے دم کرتا ہوں اے

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

حَرَّهَا وَ بَرْدَهَا وَ وَصَبَهَا۔
اللہ اس کی گرمی اور تکلیف دینے والی ٹھنڈک اور اس کے لائے ہوئے مرض کو دُور فرما۔

اس کے بعد یوں کہے:۔

قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ (حصن حصین)
اللہ کے حکم سے کھڑا ہو۔

فائدہ:۔ جس کی عقل ٹھکانے نہ ہو۔ تین روز تک صبح و شام سورہ فاتحہ پڑھ کر اس پر تھتکار دیوے۔ (ابوداؤد)

## جسے بخار چڑھ آوے یا کوئی تکلیف ہو تو یہ دُعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔ (مسلم)
اللہ کا نام لے کر شفاء چاہتا ہوں جو بڑا ہے۔ ہم اللہ کی پناہ چاہتے ہیں جو عظیم ہے۔ جوش ہوتی ہوئی رگ کے شر سے اور آگ کی گرمی کے شر سے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

فائدہ :۔ بخار کو بُرا کہنا منع ہے ۔

# جب بدن میں کسی جگہ تکلیف ہو

یا پھوڑا یا زخم ہو تو اپنی شہادت کی انگلی کو لعابِ دہن لگا کر زمین پر رکھ دیوے اور پھر اٹھا کر زخم یا پھوڑے کی جگہ پھیرتے ہوئے یہ دُعا پڑھے :۔

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔ (بخاری ومسلم)

میں اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتا ہوں۔ یہ ہماری زمین کی مٹی ہے جو ہم میں سے کسی کے تھوک میں ملی ہوئی ہے، تاکہ ہمارے بیمار کو ہمارے رب کے حکم سے شفاء ہو جائے۔

# بچّہ کو مرض یا اور کسی شر سے بچانے کے لیے یہ دُعا پڑھے

اُعِيْذُكَ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ

میں تیرے لیے اللہ کے پورے کلموں کے واسطہ سے ہر شیطان اور زہریلے جانوروں

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

وَهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ۔ (بخاری)

کے شر سے اور ہر ضرر پہنچانے والی آنکھ سے پناہ چاہتا ہوں۔

## جب کسی کی تعزیت کرے تو سلام کے بعد اسے یوں کہے

اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهٗ مَا اَعْطٰى وَكُلٌّ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَاصْبِرْ وَاحْتَسِبْ۔ (حصن)

بے شک جو اللہ نے لیا وہ اسی کا ہے اور جو اس نے دیا وہ اسی کا ہے اور ہر ایک کا اس کے پاس وقت مقرر ہے (جو بے صبری سے یا کسی تدبیر سے بدل نہیں سکتا) لہٰذا صبر کرو اور ثواب کی امید باندھو۔

## نمازِ حاجت

حضرت عبداللہ بن اَبی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس سے اللہ کی

http://mujahid.xtgem.com

کوئی حاجت ہو یا کسی بندہ سے کوئی حاجت ہو تو وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعتیں پڑھ کر اللہ کی تعریف کرے اور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود شریف پڑھے اور پھر اللہ سے یوں دُعا مانگے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَ الْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَّاتَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَاهَمًّا

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو حلیم اور کریم ہے، اللہ پاک ہے جو عرش عظیم کا رب ہے، اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اے اللہ میں تجھ سے تیری رحمت کو واجب کرنے والی چیزوں کا اور ان چیزوں کا سوال کرتا ہوں جو تیری مغفرت کو ضروری کر دیں، اور ہر بھلائی میں اپنا حصّہ اور ہر گناہ سے سلامتی چاہتا ہوں، اے اللہ تو میرا کوئی گناہ بخشے بغیر اور کوئی رنج دُور کیے بغیر اور

http://mujahid.xtgem.com

اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

کوئی حاجت جو تجھے پسند ہو پوری کیے بغیر نہ چھوڑ۔ اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے۔

(ترمذی وابن ماجہ)

# دُعائے اِستخارہ

http://mujahid.xtgem.com

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہم کو استخارہ اس طرح (اہتمام سے) سکھاتے تھے، جیسے قرآن شریف کی سورۃ سکھاتے تھے، اور یوں ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ جب تمہیں کوئی کام درپیش ہو تو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر یہ دُعا پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ۔

اے اللہ میں تیرے علم کے ذریعہ تجھ سے خیر مانگتا ہوں، اور تیری قدرت کے ذریعہ تجھ سے قدرت طلب کرتا ہوں اور تیرے بڑے فضل

http://mujahid.xtgem.com

فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ

کا تجھ سے سوال کرتا ہوں کیونکہ بلا شبہ تجھے قدرت ہے اور مجھے قدرت نہیں اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کو خوب جاننے والا ہے۔ اے اللہ اگر تیرے علم میں میرے لیے یہ کام میری دنیا و آخرت میں بہتر ہے تو اس کو میرے لیے مقدر فرما، اور آسان فرما۔ پھر میرے لیے اس میں برکت فرما، اور اگر تیرے علم میں میرے لیے یہ کام میری دنیا و آخرت میں شر (اور برا) ہے تو اس کو مجھ سے اور مجھ کو اس سے دور فرما۔ اور میرے لیے خیر مقدر فرما، جہاں کہیں بھی ہو پھر مجھے

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔ اس پر راضی فرمادے۔ (مشکوٰۃ شریف)

جس عبارت پر لکیر کھینچی ہوئی ہے جب اس پر پہنچے تو اپنے کام کا دھیان کرے۔

# قرآنی دُعائیں

## دین و دنیا کے لیے خیر و برکت طلب کرنے اور دوزخ کے عذاب سے نجات پانے کی دُعا

تعارف: اس کی فضیلت خدا تعالیٰ نے خود بیان فرمائی ہے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ

اے ہمارے پروردگار ہمیں دُنیا میں بھی خیر و برکت دے اور آخرت میں

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ (سورہ بقرہ پ۲ ع۲۵)

بھی خیر و برکت دے اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا۔

# رحم و مغفرت طلب کرنے اور آسانی و کامیابی اور دشمنوں پر فتح پانے کی دعا

تعارف: کیسے پیارے لفظ ہیں اور کیسی عمدگی سے عاجزی اور مسکینی کا اظہار ہے اور دین و دنیا کی حاجتوں میں سے کوئی ایک بات بھی تو چھوٹنے نہیں پائی۔

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا

اے ہمارے پروردگار اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں تو ہم کو نہ پکڑ، اے ہمارے پروردگار جو لوگ ہم سے پہلے ہو گذرے ہیں جس طرح ان پر تو نے بھاری بوجھ ڈالا تھا ویسا بوجھ ہم پر نہ ڈال، اے

http://mujahid.xtgem.com

| | |
|---|---|
| تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ | ہمارے پروردگار ہم سے اتنا بوجھ نہ اٹھوا |
| لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفه | جس کی ہم کو طاقت نہیں اور ہمارے |
| وَاغْفِرْ لَنَا وقفه وَارْحَمْنَا وقفه | قصوروں سے درگزر کر اور ہمارے گناہوں |
| اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا | کو معاف فرما اور ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا |
| عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۔ | مالک ہے، تو ان لوگوں کے مقابلہ میں |
| (سورہ بقرۃ پ ۳ ع ۴۰) | جو کافر ہیں ہماری مدد کر۔ |

# استقامت اور رحمت کی دُعا

**تعارف:** خدا تعالیٰ نے خود تعلیم فرمائی ہے۔ آج کل اس دُعا کی بڑی ضرورت ہے، کیونکہ اسلامی عقائد سے منحرف اور متزلزل کرنے والے بہت سے دشمن پیچھے پڑے ہوئے ہیں، خدا اپنے فضل سے ان ظالموں سے بچائے۔

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ | اے ہمارے پروردگار ہمارے دلوں کو |
| اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا | ہدایت کرنے کے بعد (غلط راستے پر) |

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

| | |
|---|---|
| مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ | نہ پھیر اور اپنے پاس سے ہم کو رحمت عطا فرما، بیشک تو ہی دینے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! تو ایک دن جس (کے آنے) میں (کسی طرح کا) شبہہ ہی نہیں لوگوں کو (اعمال کی جزا و سزا کے لیے) اکٹھا کرے گا (تو اس دن ہم پر تیری مہربانی کی نظر رہے) بیشک اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی نہیں کیا کرتا۔ |
| (اٰلِ عمران، پ۳ ع۱) | |

# ان لوگوں کی دُعا، جو آخر کار جنّتی ہوں گے

| | |
|---|---|
| رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ | اے ہمارے پروردگار ہم (تجھ پر) ایمان لائے ہیں تو ہمارے گناہ معاف فرما اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا۔ |
| (اٰلِ عمران، پ۳ ع۲) | |

http://mujahid.xtgem.com

# اللہ کے نیک بندوں کی دُعائیں

**تعارف:** اس کے پڑھنے والوں کی خدا تعالیٰ نے تعریف فرمائی ہے اور اجابت کا وعدہ کیا ہے۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًاۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ○ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ

اے ہمارے پروردگار تو نے اس (دنیا) کو بے فائدہ نہیں بنایا تیری ذات پاک ہے، تو اے ہمارے پروردگار ہم کو دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھیو۔ اے ہمارے پروردگار جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا اس کو (بہت ہی) ذلیل کیا، اور (وہاں) گنہگاروں کا کوئی بھی مددگار نہیں، اے ہمارے پروردگار ہم نے ایک پکارنے والے (یعنی نبی) کو سُنا کہ ایمان کی منادی کر رہا تھا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ،

http://mujahid.xtgem.com

| | |
|---|---|
| عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا | تو ہم ایمان لے آئے پس اے ہمارے پروردگار |
| مَعَ الْاَبْرَارِ ○ رَبَّنَا وَ | ہمارے گناہ معاف فرما اور ہماری بُرائیوں کو |
| اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى | دُور کر اور ہمارا نیک بندوں کے ساتھ خاتمہ کر، |
| رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ | اور اے ہمارے پروردگار جیسے جیسے وعدے |
| الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ | اپنے رسولوں کی معرفت تو نے ہم سے فرمائے |
| الْمِيْعَادَ ○ | ہیں ہم کو نصیب کر اور قیامت کے دن ہم کو |
| (آل عمران پ۴، ع۲۰) | ذلیل نہ کر کہ تو وعدہ کو خلاف نہیں کرتا۔ |

# رحم اور مغفرت کی دُعا

**تعارف:** اس دُعا کی بدولت حضرت آدمؑ کو معافی ملی تھی۔

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتة | اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنے آپ کو |
| وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا | خود تباہ کیا اور اگر تو ہم کو معاف نہیں |
| لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ | فرمائے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو |
| (اعراف، پ۸، ع۲) | ہم بالکل برباد ہو جائیں گے۔ |

http://mujahid.xtgem.com

# طلبِ صبر اور انجام بخیر ہونے کی دُعا

**تعارف:** یہ فرعون کے جادوگروں کی دُعا ہے جب وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے تھے گویا دشمنوں کے مقابلہ میں صبر اور انجام بخیر ہونے اور ایمان کی سلامتی کی دُعا ہے۔

رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا — اے ہمارے پروردگار ہم پر صبر ڈال دے

وَّتَوَفَّنَا مُسۡلِمِیۡنَ ○ — اور (اپنی) فرمانبرداری کی حالت میں

(اعراف، پ۹، ع۱۴) — ہم کو موت دے۔

# ظالموں سے نجات پانے کی دُعا

**تعارف:** اس کی بدولت بنی اسرائیل کو فرعون کے پنجہ سے نجات ہوئی تھی۔

رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً — اے ہمارے پروردگار ہم کو ظالم لوگوں کے

لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ○ وَ — ظلم کا تختہ مشق نہ بنا اور اپنی رحمت سے

http://mujahid.xtgem.com

نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ (یونس، پ ۱۱، ع ۹) — ہم کو ان لوگوں (کے پنجہ) سے نجات دے جو کافر ہیں۔

# اسلام پر خاتمہ ہونے کی دعا

**تعارف:** یہ حضرت یوسف علیہ السلام کی آخری دعا ہے۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِيّٖ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِىْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِىْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ (سورہ یوسف، پ ۱۳، ع ۱۱)

اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا رفیق ہے، تو مجھ کو اپنی فرمانبرداری کی حالت میں (دنیا سے) اُٹھا لے، اور مجھ کو (اپنے) نیک بندوں میں داخل کر۔

# اپنے والدین اور عام مسلمانوں کے لیے طلبِ برکت و مغفرت کی دعا

**تعارف:** یہ دعا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کی تھی۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○

(ابراھیم، پ ۱۳، ع ۶)

اے میرے پروردگار مجھ کو توفیق دے کہ میں نماز پڑھتا رہوں اور میری اولاد کو (بھی)، اور اے ہمارے پروردگار! میری دُعا قبول فرما، اے ہمارے پروردگار جس دن (اعمال کا) حساب ہونے لگے، مجھ کو اور میرے ماں باپ اور (سب) ایمان والوں کو بخش دینا۔

تمّت بالخیر وعمّت

قدیمی کتب خانہ
آرام باغ۔ کراچی
QADIMI KUTUB KHANA
ARAMBAGH, KARACHI-1
Phone : 21 97 94

http://mujahid.xtgem.com

وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ

# نمازِ حنفی مترجم

## عکسی

مسائل وفضائلِ نماز، اسماء الحسنیٰ، چھ کلمے، مسنون دُعائیں، خطبۂ نکاح، خطبۂ جمعہ، خطبۂ عیدین، حفظ المؤمنین وغیرہ شامل ہیں۔

مُرتّبہ
حضرت مولانا خیر محمد صاحب جالندھری قدس سرہ



ناشر
قدیمی کتب خانہ - آرام باغ - کراچی

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com